4698- مسلمان میت کی حرمت ایک زندہ مسلمان جیسی ہی ہے

سوال

میں نے اپنی زمین کی ایک طرف تین قبریں پائی ہیں، مجھے ان کا کیا کرنا ہوگا؟
کیا میرے لیے ان کی باقیات کو کسی اور جگہ منتقل کرنا جائز ہے؟

پسندیدہ جواب

اصل تو یہی ہے کہ انہیں عام غیر ملکیتی زمین میں دفن کیا گیا اور وہاں دفن ہونے کی وجہ سے وہ مردوں کی ملکیت ہے، لھذا انہیں وہاں سے اکھاڑنا وہاں شارع عام اور راستہ بنانا، اور اسے استعمال میں لانا جائز نہیں.

بلکہ وہاں چاردیواری کردینی چاہیے تاکہ قبروں کی اہانت نہ ہو اور استعمال سے بچی رہیں، اور قبروں والوں کی حرمت محفوظ رہے کیونکہ مسلمان میت کی حرمت ایک زندہ مسلمان جیسی ہی ہے.

اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور ان کے صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے.